Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کے سینئر قائدین کا اہم ترین اجلاس

پنجاب میں وزارتِ اعلیٰ کے امیدوار میاں اسلم اقبال سمیت تمام نومنتخب اراکینِ پنجاب اسمبلی کی کل کے اجلاس میں شرکت کا فیصلہ

مینڈیٹ پر ڈاکے کے نتیجے میں اپنی نشستوں سے محروم کئے گئے امیدواروں کو کل صبح اجلاس کے موقع پر پنجاب اسمبلی کے باہر بھرپور احتجاج کی ہدایت

پنجاب میں وزارتِ اعلیٰ کیلئے نامزد امیدوار میاں اسلم اقبال کو وزارتِ اعلیٰ کے انتخاب کے عمل سے باہر رکھنے کیلئے نہایت شرمناک اور بیہودہ ہتھکنڈے استعمال کئے جا رہے ہیں، سینئر قیادت تحریک انصاف

عوام کے مینڈیٹ پر کھلا ڈاکہ ڈال کر وزارتِ اعلیٰ کی دوڑ میں شامل کی جانے والی فسطائی سوچ کی حامل مجرم صفت مریم نواز کیلئے یہاں بھی ریاستی مشینری کے ذریعے میدان خالی کروانے کی بزدلانہ کوششیں جاری ہیں، سینئر قیادت تحریک انصاف

عوام سے ووٹ کی پرچی کے ذریعے مسترد کی جانے والی مریم نواز کی ایماء پر پشاور ہائیکورٹ سے تمام مقدمات میں ضمانتیں ملنے کے باوجود پنجاب پولیس کے ذریعے میاں اسلم اقبال کے اغواء کی بھونڈی کوشش کی گئی، سینئر قیادت تحریک انصاف

فسطائیت اور لاقانونیت سے مرعوب ہوئے بغیر تحریک انصاف کے منتخب اراکین وزارتِ اعلیٰ کے امیدوار میاں اسلم اقبال کے ہمراہ اسمبلی پہنچیں گے اور بیرون مینڈیٹ چوروں کا مقابلہ کریں گے، سینئر قیادت تحریک انصاف

مینڈیٹ چوروں اور مجرموں کیلئے آئین، قانون اور جمہوریت کو قربان کرکے ملک کو بنانا ریپبلک اور پنجاب کو قزاقوں کا راجواڑہ بنانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، سینئر قیادت تحریک انصاف

مینڈیٹ چوروں کی ریاستی سرپرستی کا تماشہ بند ہونا چاہئیے اور چوری شدہ مینڈیٹ عوام کے منتخب نمائندوں کو واپس لوٹا کر ملک بھر خصوصاً پنجاب میں آئین و قانون کی بالادستی کی راہ ہموار کی جائے،

جن عوام نے تمام تر مشکلات کے باوجود فسطائیوں کو اپنے ووٹ سے مسترد کیا ہے وہ اپنا مینڈیٹ چوروں میں بانٹ کر انہیں زبردستی خود پر مسلّط ہونے کی اجازت نہیں دیں گے، سینئر قیادت تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ